PUNJAB
Education Foundation

حوالہ نمبر: PEF/QAI/ADU/2026/276 تاریخ: 19فروری، 2026

محترم پیف پارٹنرز اور پی ایس آر پی-1 لائسینیز : (FAS, EVS, NSP and PSRP-1 Licensees)

السلام علیکم!

عنوان: اطلاع بابت FAS, EVS, NSP & PSRP-I QATs برائے سیشن 2025-26

امید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ سرکلر نمبر PEF/QAI/ADU /2026/266 بتاریخ 12 جنوری 2026ء کے مطابق کیو-اے-ٹی 2025-26 کے انعقاد کے بارے میں مطلع کیا گیا تھا۔ سرکلر ہذا میں کیو-اے-ٹی 2025-26 سے متعلق مزید تفصیلات اور ہدایات درج ذیل ہیں۔

1 کیو-اے-ٹی کا انعقاد 2 مارچ سے 6 مارچ 2026ء تک کیا جائے گا۔ کیو اے ٹی میں شمولیت ہر پارٹنر سکول کی ذمہ داری ہے۔ کیو اے ٹی نہ دینے والے سکولز کو فیل تصور کیا جائے گا اور دوبارہ کسی بھی صورت موقع فراہم نہیں کیا جائے گا۔

2 کیو اے ٹی کا دورانیہ دو گھنٹے ہو گا، کیو اے ٹی دو شفٹس میں لیا جائے گا۔ پہلی شفٹ صبح 09:00 سے 11:00 اور دوسری شفٹ دوپہر 01:00 سے 03:00 بجے تک ہو گی۔

3 کوئینٹ بک میں دیے گئے سلیبس میں سے 31 دسمبر تک کا سلیبس کیو اے ٹی میں شامل ہو گا۔

4. کیو اے ٹی پیپرز (Bilingual) ہوں گے۔

5 اس مرتبہ کیو اے ٹی سکول بیسڈ ہو گا۔ سکول پارٹنرز اپنے سکول میں امتحانی سینٹر بنائیں گے۔

6. تمام سکول پارٹنرز موسم کی مناسبت سے مقرر کردہ امتحانی سنٹر کو احسن طریقے سے ترتیب دیں گے کیو اے ٹی کے لیے ہال، صحن، شامیانے ٹوائیلٹ، پینے کے لیے صاف پانی اور بجلی فیل ہونے کی صورت میں متبادل (جنریٹر / یو پی ایس) کا انتظام کریں گے۔ امتحانی سینٹر ایک ہی جگہ (مثلاً صحن، ہال، گراونڈ، برآمدہ وغیرہ) پر بنایا جائے۔ الگ الگ کمروں میں امتحانی سینٹر بنانے کی اجازت نہیں۔

7 پیف پارٹنر سکولز کے اندر مناسب جگہ مہیا نہ ہونے کی صورت میں کسی قریبی مناسب جگہ پر امتحانی سینٹر بنایا جا سکتا ہے۔ اس کی پیشگی اجازت پیف ہیڈ آفس سے لی جائیگی۔ سکول سے باہر کیو-اے ٹی کی صورت میں طلباء کو بحفاظت اور بروقت پہنچانے کی ذمہ داری سکول پارٹنر کی ہو گی۔

8. کیو اے ٹی میں سیکنڈری کلاسز (نہم اور دہم) بھی شامل ہوں گی۔

9. کیو اے ٹی میں کلاس سوم سے لے کر دہم، گیارہویں اور بارہویں کلاسز کا تحریری کیو اے ٹی لیا جائے گا۔

تاہم ایسے سکولز جن میں کلاس سوم یا اس سے بڑی کلاسز میں پانچ سے کم طلباء موجود ہوں گے ان میں کلاس سوم سے نیچے کلاسز کے طلباء کا زبانی امتحان لیا جائے گا، اور منتخب شدہ کلاس میں سے 25 فیصد طلباء کا انتخاب کیا جائیگا۔ تاہم جن کلاسز میں 25% طلباء 15 یا 15 سے کم ہوں گے وہاں تمام بچوں کا ٹیسٹ ہو گا۔ (کیو اے ٹی کے لیے عالمی معیار کے مطابق (Application Software) ایپلیکیشن سافٹ ویئر کی مدد سے کلاسز اور ان کلاسز کے SIS Data میں موجود بچوں کا Random چناو کیا جائے گا)۔

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Road,
Gulzar-e-Qaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-5955860

Regional Office Multan
238-B, Model Town, Multan.
Ph: 061-6216399

CamScanner

10. منتخب طلباء میں سے 10 فیصد طلباء غیر حاضری اور 10 فیصد طلباء کے ڈراپ آؤٹ ہونے کی صورت میں رعایت دی جائے گی اور رعایتی شرح فیصد سے زائد غیر حاضر طلباء کو فیل تصور کیا جائے گا۔

11. SIS Data میں موجود صرف وہی بچے Inclusive Students تصور کیے جائیں گے اور ان کو ہی کیواے ٹی سے استثناء حاصل ہو گا جن کی تصدیق متعلقہ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے کی گئی ہوگی۔ متعلقہ ڈیپارٹمنٹ سے غیر تصدیق شدہ بچوں کو کیواے ٹی سے استثناء حاصل نہیں ہو گا۔ نیز کیواے ٹی کے لیے طلباء کی فہرستیں کیواے ٹی سے ایک ہفتہ پہلے ویب سائٹ پر اپلوڈ کر دی جائیں گی۔

12. امتحان کے انعقاد کے دوران امتحانی ایس او پیز پر عمل درآمد سکول پارٹنرز کی ذمہ داری ہوگی۔

13. سکول پارٹنرز امتحانی عملہ کے پاس موجود حاضری شیٹ کے مطابق اچھی طرح تصدیق کے بعد اپنے بچے کیواے ٹی میں شامل کروانے کے ذمہ دار ہوں گے۔ حاضری شیٹ سے مطابقت نہ رکھنے والے طلباء کو امتحان میں شرکت کی اجازت نہ ہوگی۔ اس کے علاوہ سکول پرنسپلز منتخب بچوں کا تمام ریکارڈ / داخل خارج، حاضری رجسٹر بھی امتحانی عملہ کو چیک کروانے کے پابند ہوں گے۔

14. تمام متعلقہ ریکارڈ بشمول سکول مہر، طلباء کے مکمل حاضری رجسٹر، تمام کلاسز کے داخل خارج رجسٹر اور Updated SIS Booklet کا پرنٹ وغیرہ امتحانی عملے کے ملاحظہ کے لیے امتحانی سینٹر میں مہیا کریں گے۔

15. امتحانی سینٹر میں کلپ بورڈ کے علاوہ دیگر اشیاء مثلاً کتاب، بستہ یا کاپیاں لانے کی ہرگز اجازت نہ ہوگی۔

16. طلباء کو صرف سیاہ بال پوائنٹ اور پوائنٹر سے پرچہ حل کرنے کی اجازت ہوگی۔ لیڈ پینسل / کچی پینسل کے استعمال کی اجازت ہرگز نہ ہوگی۔

17. صرف نہم، دہم، گیارہویں اور بارہویں کلاسز کو کیلکولیٹر استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔

18. سکول پرنسپل یا دیگر عملہ کو امتحانی عمل میں مداخلت کی اجازت نہ ہوگی۔

19. کیواے ٹی Physically اور NADRA ویریفائیڈ طلباء بشمول (EVS Nomination) کا لیا جائے گا جو کہ 15 دسمبر 2025ء تک SIS میں اپڈیٹ تھے۔

20۔ سیلاب سے متاثرہ سکولز کا بھی کیواے ٹی لیا جائے گا۔ تاہم مجاز اتھارٹی کی منظوری اور متعلقہ پروگرام کی تصدیق کے بعد سکولز کو رزلٹ بنانے کے دوران خصوصی رعایت دی جائے گی۔

امید ہے درج بالا تفصیلات کی روشنی میں آپ پیپر انتظامیہ اور امتحانی عملہ سے بھرپور تعاون کریں گے اور کیواے ٹی کا مجوزہ شیڈول کے مطابق انعقاد یقینی 20 بنائیں گے پیپر کے قواعد و ضوابط / ضابطہ اخلاق کو مدنظر رکھتے ہوئے اس امتحان کو خوش اسلوبی کے ساتھ کامیاب بنانا آپ کی اہم ذمہ داری ہے۔

ہم آپ کے تعاون کے شکر گزار رہیں گے۔

خیر اندیش

ڈائریکٹر کیواے آئی ڈائریکٹوریٹ

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Road,
Gulzar-e-Qaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-5955860

Regional Office Multan
238-B, Model Town, Multan.
Ph: 061-6216399

CamScanner